This question paper contains **4+2** printed pages]

Your Roll No.......................

5145

B.Com. (H)/II **E**

Paper XV—URDU

URDU LANGUAGE

Time : 2 Hours *Maximum Marks* : 50

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے: ۱۰

(الف)

بعض اوقات ایسا اتفاق بھی ہوا ہے کہ رات کے دو بجے چھڑی گھماتے تھیٹر سے واپس آ رہے ہیں اور ناٹک کے کسی نہ کسی گیت کی طرز ذہن میں بٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں چونکہ گیت کے الفاظ یاد نہیں اور نو مشقی کا عالم بھی ہے اس لئے سیٹی پر اکتفا کی ہے کہ بے سرے بھی ہو گئے تو کوئی یہی سمجھے گا انگریزی موسیقی ہے۔ اتنے میں ایک موڑ پر سے مڑتے ہیں تو

P.T.O.

سامنے ایک بکری بندھی تھی۔ ذرا تصور ملاحظہ ہو، آنکھوں نے اسے بھی کتا دیکھا۔ ایک تو کتا اور پھر بکری کی جسامت کا۔ گویا بہت ہی کتا۔ بس ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ چھڑی کی گردش دھیمی ہوتے ہوئے ایک نہایت ہی نامعقول زاویے پر ہوا میں کہیں ٹھہر گئی۔ سیٹی کی موسیقی بھی تھرتھرا کر خاموش ہوگئی۔

(ب)

ان رستوں سے اس نے ساری دنیا پر حملے شروع کر دیے اور بادشاہت اپنی تمام عالم میں پھیلا کر دروغ شاہ دیوزاد کا لقب اختیار کیا۔ جہاں جہاں فتح پاتا تھا، ہوا و ہوس کو اپنا نائب چھوڑتا اور آپ فوراً کھسک جاتا۔ وہ اس فرمانروائی سے بہت خوش ہوتے اور جب ملکہ کا لشکر آتا تھا تو بڑی گھاتوں سے مقابلہ کرتے تھے۔ جھوٹی قسموں کی ایک لمبی زنجیر بنائی تھی۔ سب اپنی کمریں اس میں جکڑ لیتے تھے کہ ہرگز ایک دوسرے کا ساتھ نہ چھوڑیں گے۔ مگر سچ کے سامنے جھوٹ کے پاؤں کہاں ٹھہرتے تھے وہ مسابقت کر کے ہٹتے تھے۔ پھر ادھر ملکہ نے منہ پھیرا۔ ادھر باغی ہو گئے۔ ملکہ جب آسمان سے نازل ہوئی تھی تو سمجھتی

تھی کہ بنی آدم میرے آنے سے خوش ہوں گے۔ جو بات سنیں گے اسے مانیں گے اور حکومت میری عالم میں پھیل کر مستقل ہو جائے گی۔

مندرجہ ذیل شعری اقتباس میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ سیاق وسباق کا حوالہ دیجیے:

(الف)

ایک معمہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا
زندگی کاہے کو ہے خواب ہے دیوانے کا

مختصر قصہء غم یہ ہے کہ دل رکھتا ہوں
رازِ کونین خلاصہ ہے اس افسانے کا

زندگی بھی تو پشیماں ہے یہاں لا کے مجھے
ڈھونڈھتی ہے کوئی حیلہ مرے مر جانے کا

دل سے پہنچی تو ہیں آنکھوں میں لہو کی بوندیں
سلسلہ شیشے سے ملتا تو ہے پیمانے کا

ہر نفس عمرِ گزشتہ کی ہے میت فانی
زندگی نام ہے مر مر کے جیے جانے کا

(ب)

آئینِ نو سے ڈرنا، طرزِ کہن پہ اڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

یہ کاروانِ ہستی ہے تیز گام ایسا
قومیں کچل گئی ہیں جس کی رواروی میں

آنکھوں سے ہیں ہماری غائب ہزاروں انجم
داخل ہیں وہ بھی لیکن اپنی برادری میں

اک عمر میں نہ سمجھے اس کو زمین والے
جو بات پا گئے ہم تھوڑی سی زندگی میں

ہیں جذبِ باہمی سے قایم نظام سارے
پوشیدہ ہے یہ نکتہ تاروں کی زندگی میں

محمد حسین آزاد کی نثر نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

یا

پریم چند کے افسانے ''نمک کا داروغہ'' کا خلاصہ لکھئے۔

فانی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔

یا

جوش ملیح آبادی کی نظم 'بدلی کا چاند' کا مرکزی خیال لکھئے۔

درج ذیل اصطلاحوں میں سے کسی دس کا اردو ترجمہ کیجئے: ۱۰

(1) Third party insurance

(2) Tax benefit

(3) Transfer book

(4) Market price

(5) Target risk

(6) Cost

(7) Components

(8) Term bond

(9) Tax benefit

(10) Third account

(11) Consumer

(12) Total loss

(13) Market value

(14) Teller

(15) Transport.